**غیر ملکی گھریلو ملازمین – ملازمتی آرڈیننس برائے اجرت کے تحت حقوق اور تحفظ**

اجرت کی ادائیگی

- اجرت کی ادائیگی اجرت کی مدت ختم ہونے یا معاہدہ ختم ہونے کی تاریخ کے 7 دن کے اندر ہی کی جانی چاہیے

اجرت کی کم ادائیگی

- اگر ملنے والی اجرت ملازمت کے معاہدے میں طے شدہ اجرت سے کم ہے تو ملازم کو چاہیے:
  - مالک کے ساتھ صحیح رقم کی وضاحت کرے؛
  - رسید یا اجرت کو تسلیم نہ کرے جس کی ادائیگی نہ کی گئی ہو؛ اور
  - کم ادائیگی کی صورت میں جلد از جلد محکمہ ملازمت کو رپورٹ کرے۔

اجرت کی کٹوتی

- اجرت کی کٹوتی ممنوع ہے سوائے:
  - مالک کے سامان یا املاک کے نقصان یا غائب ہو جانے کی وجہ سے جو ملازم کی غفلت یا غلطی کی وجہ سے ہوا ہو۔ ہر معاملے میں کٹوتی کی گئی رقم 300 ہانگ کانگ ڈالر سے زیادہ نہیں ہوگی۔
  - کام سے غیر حاضری جو غیر حاضری کی مدت کے متناسب رقم سے زیادہ نہ ہو۔
  - اجرت کی پیشگی یا زائد ادائیگی کی وصولی؛ اور
  - ملازم کی تحریری درخواست وغیرہ پر ملازم کو دیئے گئے قرض کی وصولی
  - کام سے غیر حاضری کے علاوہ ساری کٹوتیاں، اس مدت میں قابل ادائیگی اجرت کے نصف سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

معلومات اور شکایات

- 24 گھنٹے براہ راست رابطہ: 2157 9537 (جس کو "1823" کی مدد سے کیا جاتا ہے)
- غیر ملکی گھریلو ملازم (FDH) کے پورٹل پر آن لائن فارم: www.fdh.labour.gov.hk
- ای میل: fdh-enquiry@labour.gov.hk

勞工處
Labour Department